لومیزانے کا شہر

# وہ سب کچھ جو آپ کیلیے جاننا ضروری ہے

## سکول کی خدمات

## پری کلاس سرگرمیاں-ٹرانسپورٹ- کینٹین

## نرسری اسکول

## درخواست جمع کروانے کی تاریخ

## 2-05.2018 سے 29-06-2018 تک



# درخواست کب جمع کروا سکتے ہیں؟

درخواستیں جمع کی جاس گی

**2 مئی 2018 سے لے کر صرف 29 جون 2018 تک**

**نوٹ: آخری تاریخ کے بعد موصول کردہ درخواستوں کے سربران کو ممکنہ سرگرمیوں کی ساری قیمت ادا کرنی پڑے گی۔**

## درخواست کیسے جمع کرائی جائے؟

مندرجہ ذیل طریقوں سے:

ویب سائٹ **www.comune.lumezzane.bs.it** سے **فارم** ڈاؤن لوڈ کریں، یا پھر کمونے کے آفس "servizi alla persona" (دوسری منزل) سے فارم لے کر فل اور دستخط * کرنے کے بعد درخواست جمع کروا سکتے ہیں:

- ای میل کر دیں ufficio.protocollo@comune.lumezzane.bs.it ساتھ دستخط کردہ شخص کے **والڈ ڈاکومنٹ کی فوٹو کاپی** لگا دیں۔

- کمونے کے ریسیپشن میں ذاتی طور پر جا کے جمع کروا سکتے ہیں (زمینی منزل)

- کمونے کے آفس servizi alla persona میں ذاتی طور پر جمع کروا سکتے ہیں (دوسری منزل)

*اگر آپ کے پاس **ڈیجیٹل دستخط کارڈ** (سی، آر، ایس'' کارتا ریجونالے دی سرویزی'' پن کے ساتھ - یہ کمونے کے آفس sportello allo cittadino سے لیا جا سکتا ہے - یا دوسرا ڈیجیٹل دستخط کارڈ) آپ براہ راست پی ڈی ایف فارم میں دستخط کر سکتے ہیں بغیر کسی شناختی ڈاکومنٹ کی فوٹو کاپی لگائے۔

**فارم آن لائن فل کرنے کے لیے کمونے کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے:** www.comune.lumezzane.bs.it

**نوٹ**: اگر آپ اپنی درخواست ای میل کے ذریعے جمع کروانے کا انتخاب کرتے ہیں تو ای میل کے **موضوع میں منتخب کردہ سروس کی وضاحت کریں** (وضاحت / منتخب کردہ سروس)۔ زیادہ سروسز منتخب کرنے کی صورت میں سب کی وضاحت کریں۔ ایک ای میل میں آپ زیادہ بچوں کے فارم بھیج سکتے ہیں اور ایک سے زیادہ سروسز کا انتخاب بھی کر سکتے ہیں۔

# پری کلاس سرگرمیاں

سال 2018/2019 میں فیملیز کو پری کلاس کی سہولت صرف اس صورت میں دی جاے گی اگر سکول میں **کم ازکم دس بچوں کا داخلہ** درج ہوگا اور اگر متعلقہ انسٹی ٹیوٹ میں اساتذہ کے عملے کی دستیابی کی یقین دہانی ہو جائے گی ۔

## فیس

سروس فیس سارے سال کے لیے **100 یورو+ IVA 22%** ٹیکس ہوگی ۔ ہر تین ماہ کی رسید ہوا کرے گی ۔

**نوٹ: جن جگہوں کا ٹائم ٹیبل 8 سے 13 ہوگا وہاں پری کلاس سروس کی سہولت موجود نہیں ہوگی ۔**

# اسکول ٹرانسپورٹ

پرائمری اور سیکنڈری اسکول کے لیے کومونے نے **ٹرانسپورٹ** سروس کا انتظام **ٹینڈر** کے ذریعے کیا ہے (*) ٹرانسپورٹ سروس کا باقاعدہ لائسنس یافتہ کمپنیوں کے ساتھ مل کر لوکل پبلک بسوں SIA ARRIVA (**) کے استعمال کے ذریعے جہاں جہاں بسوں کے سفر کی **اجازت** ہے کا انتظام ہے ۔

اس آخری صورت میں کومونے ٹرانسپورٹ کی ہر گاڑی میں کم ازکم ایک مددگار کی موجودگی کے گارنٹی دیتا ہے جو اپنی نگرانی میں بچوں کو بس اسٹاپ سے لیکر اسکول تک پہنچائے گا اور چھٹی کے وقت واپس اسی بس اسٹاپ پر اترنے میں مدد کرے گا ۔

براہ راست کومونے سے منظم کردہ سروس کا انعقاد مونسپل ایڈمنسٹریشن کے وسائل، بسوں کی موجودگی اور **ہر روٹ کیلیے کم ازکم 15 درخواستیں** موصول ہونے کے بعد کیا جائے گا ۔

پرائمری اور سیکنڈری سکول کے معذور طالب علموں کے لیے مونسپل ایڈمنسٹریشن انفرادی نقل وحمل کے لیے اسپیشل ٹرانسپورٹ کی خدمات، انتظامیہ کے ذرائع اور وسائل کی دستیابی کے ساتھ، کو سرانجام دے سکتا ہے ۔

## فیس (ٹینڈر میں اسکول کی نقل وحمل کے لیے)

ٹرانسپورٹ کی قیمت اسکول کے پورے سال کے لیے **34 یورو ماہانہ** (ٹیکس %10+) ہوگی ۔ رسید ہر دو ماہ بعد دی جائیگی ۔

☆ کم قیمت **32 یورو ماہانہ +10% ٹیکس** صرف ان اسکولوں کے طالب علموں کے لیے لاگو کیا جہاں دوپہر کی کلاس نہیں ہوا کرے گی ۔

☆ کم قیمت 32 **یورو ماہانہ +10% ٹیکس** ان طالب علموں کے لیے لاگو کی جائے گی جن کو بروز ہفتہ ٹرانسپورٹ کی سہولت مہیا نہیں کی جائے گی ۔

جو طالب علم سابقہ **پرائمری اسکول آف فایدانہ "Madre Teresa di Calcutta"** سے آکر سال 2018/2019 میں پرائمری اسکول "M. Seneci" میں **پنجم کلاس** پڑھیں گے ان کو **فری** ٹرانسپورٹ کی سہولت مہیا کی جائے گی ۔

**نوٹ**: جو لوگ **لوکل پبلک بس سروس SIA-ARIIVA** استعمال کریں گے ان کے لیے ایک **خاص ماڈل** (مثالی ماڈل کومونے کی ویب سائٹ پر موجود ہے) پیش کرنا ہوگا تاکہ **فری** شناختی بب حاصل کر سکیں جو انتظامیہ کے لیے مددگا ثابت ہوگی ۔

اس کے علاوہ موجودہ مطالعہ پلان "piano del diritto allo studio" کی طرف سے قائم کردہ شرائط کے تحت سبسکرائب کی قیمت سے ایک مخصوص درخواست کے ذریعے کچھ فیصد رقم واپس لی جاسکتی ہے یہ درخواست سال کہ آخر میں کومونے کے آفس سرویزی الاپرسونا میں جمع ہوتی ہے ۔

**روٹ (فریکشن - اسکول):**

VIA VALLESABBIA - BACHELET / T. LANA

PREMIANO - BACHELET / T. LANA

مزید معلومات کے لیے ویب سائٹ ملاحظہ کریں www.arriva.it

# کینٹین

آٹومیٹیک رینیو-2018 کی نئی چیز

جن **والدین** نے 2017/2018 میں اسکول میں کھانا کھانے کی درخواست دی تھی اگر انہوں نے **قیمت میں کمی یا ڈسکاؤنٹ کے لیے نہیں کہا** (ISEE فارم کے ذریعے) ان کی درخواست سال 2018/2019 کے لیے خود بخود رینیو ہو جائے گی۔ اگر والدین اس سروس کو مزید استعمال نہیں کرنا چاہتے تو انہیں **منسوخ** کرنے کے لیے ایک درخواست دینا ہوگی (کوموِنے کی ویب سائٹ پر مثالی فارم موجود ہے)۔

**کینٹین کی سروس بند کرنے کے لیے کب درخواست جمع کروانی ہے؟ 2 مئی 2018 سے لے کر 29 جون 2018** تک (دیکھیں صفحہ نمبر 2 سیکشن "درخواست کیسے جمع کروانی ہے")۔

**جو والدین کینٹین کی سروس کو استعمال کرنا چاہتے ہیں** انہیں مندرجہ ذیل معاملات میں کوموِنے کے آفس سروِیزی الا پرسونہ میں **لازمی نیا فارم جمع کروانہ ہوگا**:

☆ پہلی مرتبہ کینٹین سروس استعمال کریں گے (نئے طالبعلم، پہلی کلاس کے طلباء اور دیگر کلاسوں کے طالب علموں کے لیے)

☆ **اپڈیٹ کرنے یا نیو والڈ ISEE فارم دینے کے لیے** (ڈسکاؤنٹ پر تمام معاملات صفحہ نمبر 6 پر دیکھیں)

☆ صارف کی **رہائش گاہ کی ممکنہ تبدیلیاں**

**نوٹ: اگر والدین بچے کی پندرہ سے زیادہ غیر حاضریوں کے بعد بھی کینٹین سروس آفس میں اطلاع نہیں دیتے تو آفس خود بخود بچے کو سروس سے خارج کر دے گا۔**

## قیمتیں

سروس کی قیمت پورے سال کے لیے **6 یورو پر کھانا** (ٹیکس سمیت) ہے۔ ہر مہینے رسید دی جائے گی۔

جو صارفین قریب **رہائش** رکھتے ہیں ان کے لیے ممکنہ سہولتیں موجود ہیں (ڈسکاؤنٹ صفحہ نمبر 5 پر دیکھیں)

نوٹ: اگر **صبح 9.00** سے **پہلے** اطلاع نہیں کی جائے گی تو کھانے کی **قیمت ادا کرنی ہوگی**۔ چاہے طالب علم **کسی بھی وجہ** سے اسکول سے پہلے چھٹی لے جائے۔

## مینیو

دوپہر کا کھانا اے، ٹی، ایس کی جانب سے ہدایت کی ہوئی ڈائیٹ لسٹ "اسکول لنچ سروس سے ہدایت کیا ہوا مینو" اور مزید انسٹرکشن اور کھانے کے لیے عائد پابندیوں کے ساتھ تیار کیا جاتا ہے۔ لومبردیا میں اسکول میں کیٹرینگ کی خدمت کے لیے گائیڈ لائینز میں عائد شدہ معیار کا خیال رکھتے ہوئے اے، ٹی، ایس کی جانب سے دستخط کیے جاتے ہیں۔

## اسپیشل ڈائٹ

**الرجی اور ایا خوراک کی بیماریوں** کی صورت میں آپکو ہر نئے اسکول کے سال کے آغاز میں **اصلی طبی سرٹیفکیٹ** دینا ہوگا۔ (نوٹ: طبی سرٹیفکیٹ کی **مدت ایک سال** ہوتی ہے) جو بچوں کا ڈاکٹر یا کوئی اسپیشل ڈاکٹر بنا کے دیتا ہے۔

یہ طبی سرٹیفکیٹ خصوصی طور پر **سروِیزی الا پرسونا آفس میں جمع کرانا لازمی** ہے۔ کینٹین سروس کے عملے کو براہ راست دی ہوئی درخواست پر غور نہیں کیا جائے گا۔

اس کے علاوہ بچوں کے لیے مخصوص غذا بھی ہے۔ جو بچے **مذہبی-اخلاقی** لحاظ سے کچھ مخصوص مصنوعات کا استعمال نہیں کرتے ان کے لیے لازمی ہے کہ وہ کوموِنے کے آفس سروزی الا پرسونا میں اپنی درخواست جمع کروائیں بلکل اسی طرح جس طرح پہلی مرتبہ رجسٹریشن ہوتی ہے۔

اسپیشل ڈائٹ کی درخواست **سال کے دوران کسی بھی وقت** دی جاسکتی ہے، ڈائٹ پلان کھانے کی کمپنی کوبھیج دیا جائے گا جوغذا مہیا کرنے کی خدمت سرانجام دے گا۔ درخواست پرعملدرآمد درکومونے کے آفس سرویزی الاپرسونا میں جمع کروانے کے بعد تین کاروباری دنوں میں ہوگا۔
اس کےعلاوہ یاد رکھیں کہ ضرورت کےتحت صرف خاص خالات میں کھانے میں احتیاط کے لیے مسلسل تین دن کے لیے سادہ غذا دینے کے لیے کہا جاسکتا ہے، یہ درخواست براہ راست اسکول میں اسی دن صبح 9.00 بجے سے پہلے دینی ہوگی۔

## حاضری

تمام صارفین کوسروس کے استعمال کرنے کی اجازت دیتے ہوے اس بات کی وضاحت کی جاتی ہے کہ کیٹرینگ میں رجسٹریشن کہ بعد آپکواس میں باقاعدگی سے حاضری دینی ہوگی۔
اگرتوثیق سے معلوم ہوا کہ ایک مخصوص مددت میں %50 سے کم حاضری ہے، اسکول کی غیرحاضری کے علاوہ، تومیونسپل ایڈمنیسٹریشن کینٹین کی سروس کو بحال کرنے کے لیے جائزہ لینے کاحق رکھتا ہے۔

# نرسری اسکول، کینڈرگارڈن

# ریاستی اسکول

## فیس

میونسپلٹی علاقے میں **دو** ریاستی نرسری **اسکول** ہیں:

☆اسکول Madre Teresa di Calcutta

☆اسکول Arcobaleno

**ماہانہ فیس 157 یورو** مقرر کی گئی ہے

میونسپلٹی براہ راست مداخلت کے ذریعے فیملیز کی مدد کرتا ہے: دلچسپی رکھنے والوں کے لیے **ضروری ہے کہ فیس کم کروانے کے لیے درخواست جمع کرائیں**، اپنی **درخواست کے ساتھ ISEE سرٹیفکیٹ، جو 15.500 یورو کے برابر یا کم ہو، کی کاپی لگائیں**۔ D.P.C.M. n.159/2013 کی قائم کردہ پیرامیٹرز کے مطابق فیس کم کی جائے گی۔
ایسی فیملیز جو ISEE نہیں جمع کرائیں گے انکو درخواست کردہ سروس کے لیے زیادہ سے زیادہ فیس ادا کرنی پڑے گی۔

# پرائیویٹ اسکول

## فیس

میونسپلٹی علاقے میں **چھ** پرائیویٹ **اسکول** ہیں:

☆اسکول "T.Fiorini"

☆اسکول "S.Antonio da Padova"

☆اسکول "S.G.Battista"

☆اسکول "T.Bonomi"

☆اسکول "S.Gianna Beretta Molla"

☆اسکول "V.B. Gnutti"

**ماہانہ فیس** مقرر کی گئی ہے

رہائشیوں کے لیے **210 یورو** اور غیر رہائشیوں کے لیے **235 یورو**

کومونے براہ راست **مداخلت** کے ذریعے فیملیز کی مدد کرتا ہے: دلچسپی رکھنے والوں کے لیے ضروری ہے کہ **فیس کم کروانے کے لیے درخواست جمع کرائیں**، اپنی درخواست کے ساتھ **ISEE سرٹیفکیٹ، جو 15.500 یورو کے برابر یا کم** ہو، کی کاپی لگائیں۔ D.P.C.M. n.159/2013 کی قائم کردہ پیرامیٹرز کے مطابق فیس کم کی جائے گی۔

ایسی فیملیز جو ISEE نہیں جمع کرائیں گے انکو درخواست کردہ سروس کے لیے زیادہ سے زیادہ فیس ادا کرنی پڑے گی۔

نوٹ: پرائیویٹ نرسری اسکول کے لیے کومونے 210 یورو تک کے لیے فیس میں کمی کے لیے مدد کرتا ہے۔

## فیس کیسے ادا کریں؟

مندرجہ ذیل طریقوں سے:

☆UNICREDT بینک کی لومیزانے کی کسی بھی برانچ میں رسید کے ساتھ جمع کروا سکتے ہیں بینک ٹرانسفر کے ذریعے جو پندرہ دن کے اندر اندر مل جائیں،

☆ کریڈیٹ کارڈ یا بینک کارڈ کے ذریعے سرویزی الاپرسونا آفس میں جمع کروا سکتے ہیں،ا (نوٹ: نقد رقم نہیں لیتے)۔

☆RID کے ذریعے، رجسٹریشن کے وقت اس طریقہ کار کا کہتے ہوئے یا پھر بعد میں ایک مخصوص فارم فل کرتے ہوئے۔

غیرادائیگی کی صورت میں کومونے مداخلت کرتے ہوئے قانونی طریقہ کار استعمال کرتے ہوئے فیس وصول کرلیں گی اور اگلے سال اسکول میں داخلہ دینے میں روکاوٹ کا سبب بن سکتا ہے۔

## کیا ڈسکاؤنٹ ہے؟

جن فیملیز کے **زیادہ بچے اسکول جاتے ہوں** ان کے لیے کچھ فیصد ڈسکاؤنٹ کی جاتی ہے: مندرجہ ذیل ڈسکاؤنٹ:

☆ ہر بچے کے لیے **20%** ڈسکاؤنٹ اگر **دو بچے فیس کے ساتھ اسکول جاتے ہیں**۔

☆ **ہر بچے** کے لیے **30%** ڈسکاؤنٹ اگر **تین بچے فیس کے ساتھ اسکول جاتے ہیں**۔

☆ **بڑی فیملیز** کے لیے 40% ڈسکاؤنٹ جن کے **کم از کم چار چھوٹے بچے اسکول جاتے** ہوں اور ان میں سے **ایک بچہ فیس ادا کرتا ہو**۔

مندرجہ ذیل ڈسکاؤنٹ فیصد سے فائدہ حاصل کرنے کے لیے فیملیز کو **باقائدہ درخواست جمع کروانی ہوگی**، ساتھ **ISEE جو 18.000,00 سے کم یا برابر ہو منسلک کریں**۔

## سروس سے کیسے نکلنا ہے؟

اگر سال کے دوران طالب علم اس سروس سے خارج ہونا چاہے تو اس کے لیے ضروری ہے کہ **فارم**، جو کومونے کی ویب سائٹ پر بھی موجود ہے یا سرویزی الا پرسونا کے آفس سے لے سکتے ہیں **فل کر کے** ای میل کر سکتے ہیں pubblica.istruzione@comune.lumezzane.bs.it یا براہ راست سرویزی الاپرسونا کے آفس میں **جمع کروا دیں**۔ (نوٹ: دستخط کردہ شخص اپنے والڈ ڈاکومٹ کی فوٹو کاپی لازمی منسلک کرے)۔

# معلومات

تمام معلومات کے لیے کومونے کے آفس سروزی الاپرسونا سے رابطہ کریں:

☆براہ راست ڈیسک پر (دوسری منزل) **بروز سوموار، بدھ، جمعہ 8.30 سے 12.30 تک اور منگل کو 8.30 سے 18.30 تک**

☆ذریعہ ٹیلیفون **030/8929251**

☆ذریعہ ای میل pubblica.istruzione@comune.lumezzane.bs.it